Dera Ghazi Khan
Chamber of Commerce & Industry
ایوان تجارت وصنعت ڈیرہ غازیخان

Khakwani House, Block # 34,
Dera Ghazi Khan.
Ph : 064-9260503, 9260504
Fax: 064-9260507
E-mail: dgk_cci@yahoo.com

Ref: DGKCCI/CIR/ANNUAL-SUB./275/2024 **Dated: 15-01-2024**

خصوصی سرکلر برائے اراکین

ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ڈیرہ غازی خان۔

عنوان: <u>تجدید رکنیت ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری برائے سال 2024-2025</u>

محترم اراکین چیمبر کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سال 24-2023 کیلئے چیمبر ہذا میں آپکی رکنیت کی میعاد 31-03-2024 کو ختم ہو رہی ہے اور اگلے سال 2024-2025 کے لئے سالانہ رکنیت کی تجدید 31 مارچ 2024 تک کرائی جانی ضروری ہے۔ لہذا آپ سے درخواست ہے کہ آپ اپنی سالانہ فیس مقررہ تاریخ تک لازمی جمع کرادیں ورنہ چیمبر میں آپ کی رکنیت منسوخ تصور ہوگی۔ شرح فیس درج ذیل ہے۔

1۔ کارپوریٹ کلاس - 7200/- روپے + 300 روپے ممبر شپ کارڈ فیس- فی ممبر
2۔ ایسوسی ایٹ کلاس - 2200/- روپے + 300 روپے ممبر شپ کارڈ فیس- فی ممبر

تجدید رکنیت فیس بذریعہ پے آرڈر / بنک ڈرافٹ / نقد بنک اکاؤنٹ نمبر 8167 0106 0443 0112 یو۔بی۔ایل، جام پور روڈ برانچ، ٹریفک چوک، ڈیرہ غازیخان میں جمع کرائی جاسکتی ہے یا سیکرٹری جنرل چیمبر کے پاس جمع کرا کے رسید حاصل کریں۔ آپ سے درخواست ہے کہ مقررہ شرح سے اپنی سالانہ فیس اور ممبر شپ کارڈ فیس مورخہ 31-03-2024 کی حتمی تاریخ سے قبل بذریعہ پے آرڈر / بنک ڈرافٹ / نقد بنام "ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری" ارسال فرمائیں۔ نیز اگر آپ کے ایڈریس، ٹیلی فون نمبرز، فیکس نمبرز وغیرہ یا نمائندگی میں کوئی تبدیلی یا درستگی درکار ہو تو براہ کرم اسے اپنے لیٹر پیڈ پر تحریر فرما کر ارسال کریں۔ سیلز ٹیکس رجسٹریشن کی صورت میں سیلز ٹیکس رجسٹریشن سرٹیفکیٹ کی نقل اور انکم ٹیکس سال 23-2022 کا گوشوارہ (ریٹرن) بھی ارسال فرمائیں کیونکہ ان کے بغیر چیمبر میں ووٹ کے استعمال کا حق حاصل نہ ہوگا۔ آپ سے یہ بھی التماس ہے کہ اگر آپ کا کوئی ای میل ایڈریس ہے تو براہِ کرم اس سے ہمیں مطلع فرمائیں۔ نئے سال کیلئے چیمبر کا کمپیوٹرائزڈ کارڈ بنوانے کی غرض سے اپنا فوٹو اور مبلغ تین سو روپے کارڈ فیس جمع کرا کے ممبر شپ کارڈ حاصل کیا جاسکتا ہے۔ شکریہ !

مخلص

15/01/24

(محمد مجاہد)

سیکرٹری جنرل

SECRETARY GENERAL
D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry * D.G.Khan *